**Text of Morning Urdu News**

**29 April 2017 at 0925 hrs.**

**Cabinet**

جموں میں وزیرا علیٰ محبوبہ مفتی کی صدارت میں منعقدہ کابینہ میٹنگ کے دوران سیول انتظامیہ میں بھاری پیمانے پر تبادلے اور تقرریوں کے احکامات صادر کئے گئے ہیں۔ کابینہ فیصلے کے مطابق 1986بیچ کے آئی اے ایس آفیسر بھارت بھوشن ویاس ریاست کے نئے چیف سیکریٹری ہونگے۔جبکہ بی آر شرما انتظامی امور سے متعلق وزیر اعلیٰ کے صلاح کار ہونگے۔ فائنانشل کمشنر پرمود کمار جین امپا کے نئے ڈائریکٹر جنرل ہونگے۔ شیلین کوبرا جمونوکشمیر سپیشل ٹربیونل کا چیرمین تعینات کیا گیا ہے۔ٹورازم فلوریکلچر اور پارکس کے سیکریٹری فاروق احمد شاہ کو سکول ایجوکیشن محکمہ کا اضافہ چارج دیا گیا ہے۔ ڈاکٹر پاون کوتوال کو تبدیل کرکے صحت اور طبی تعلیم محکمہ کاسیکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔ جبکہ ڈاکٹر مندیپ کمار بنڈھاری کو جموں کا ڈویژنل کمشنر بنایا گیا ہے۔اسی طرح سے کمار راجیو رنجن کو جموں کا ڈپٹی کمشنر بنایا گیا ہے جبکہ غلام نبی ایتو سکول ایجوکیشن کشمیر کے ڈائریکٹر کے طور پر اپنے فرائض انجام دیں گے۔محمد حسین ملک اب وزیر اعلیٰ کے سیکریٹری ہونگے جبکہ شوکت احمد بیگ کو تبدیل کرکے سماجی بہبود محکمے کا خصوصی سیکریٹری تعینات کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر شاہد اقبال چودھری کو راجوری کا ڈپٹی کمشنر بنایا گیا ہے۔

ریاستی کابینہ نے جموں مینکل ہوئی میٹنگ میں ریاستی سرکار کے ملازمین کو پنشن کے پورے کی موجودہ حد 28سال سے گھٹا کر Qualifying Serviceفوائد دینے کیلئے 20سال کردی ہے۔ وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی کی صدارت میں اس میٹنگ میں دریائے جہلم کی ڈریجنگ پر نگرانی کیلئے خود وزیر اعلیٰ کی قیادت میں 4رکنی کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے جس میں نائب وزیر اعلیٰ، آبپاشی اور فلڈ کنٹرول کے وزیر اور وزیر تعلیم بھی شامل ہونگے۔ 93میگاواٹ صلاحیت والے نئے گاندربل ہائیڈرو الیکٹریک پروجیکٹ کی عمل آوری کے تعلق سے نائب وزیر اعلیٰ کی قیادت میں کابینی سب کمیٹی تشکیل دینے کی بھی منظوری دی گئی ۔

**Man-ki-Baat**

وزیر اعظم نریندر مودی کل دن کے 11بجے آل انڈیا ریڈیو کے اپنے پروگرام من کی بات میں متعدد موضوعات اور مسائل پر اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ وزیر اعظم نے عوام کو اپنے خیالات کے اظہار کیلئے مدعو کیا ہے۔اس سلسلے میں

نمبر ایک1800117800 پر کال کرکے ہندی یا انگریزی Toll Freeپر یا My Gov Open Forum دے Missed Callریکارڈ کرا سکتے ہیں۔ لوگ1922 پر ایک Messageمیں وزیر اعظم کیلئے اپنا کر بھی براہِ راست وزیر اعظم کو مشورے دے سکتے ہیں۔

**یہ پروگرام آل انڈیا ریڈیو اور دور درشن کے پورے نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام وزیر اعظم کے دفتر ، وزارت اطلاعات و نشریات اور دور درشن نیوز کے**

**چینل پر بھی دستیاب رہے گا۔ علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام You Tube متعلقہ خطوں میں آل انڈیا ریڈیو کے اسٹیشن شام 8بجے نشر کریں گے۔**

**Amit Shah**

بی جے پی کے صدرامت شاہ ریاست کاآج سے 2 روزدورہ شروع کررہے ہیں۔ دورے کے دوران وہ آج پارٹی ہیڈکوارٹر جموں جائیں گے جہاں وہ پارٹی ممبران اسمبلی ،وزراءاور عہدیداروں سے ملاقات کریں گے۔ بعد وہ بڑے پیمانے کی لائبریری کا افتتاح کریں گے۔بتایا جارہاہے کہ یہ امت شاہ کی 95دنوں کی وستار یاترا کا حصہ ہے۔

**Abdul Haq Khan**

دیہی ترقیاتی اور پنچایتی راج کے وزیر عبدالحق خان نے کل ہائیر سکینڈری سکول سنجون میں لیبارٹری بُلاک اور اضافی کلاس روموں کے تعمیر ی کام کا معائینہ کیا۔ وزیر نے کام کی رفتار میں سرعت لاکر اسے جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی۔اس تعمیری کام پر68 لاکھ روپے کی لاگت آرہی ہے۔ وزیر نے 57 لاکھ روپے کی لاگت والے اضافی کلاس رومز کے کام کا معائینہ کرنے کے علاوہ لائبریریوں ، لیبارٹریوں ، سمارٹ کلاس رومز کا دورہ کیا اور طلباءاور اساتذہ سے بات کی ۔ انہوں نے سکول کو ایک بہترین سکول بنانے کے لئے ہر ممکن مدد کی یقین دہانی دی۔ وزیر نے کہا کہ منریگا کے تحت دیہی علاقوں مینا سکولوں میں بنیادی ڈھانچے کو فروغ دیا جائے گا۔

## Amarnath Yatra meeting

جموں میں کل امرناتھ جی یاترا 2017کے سلسلے میں کئے جارہے انتظامات کا اعلیٰ سطحی میٹنگ میں جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ کی صدارت مشترکہ طور پر چیف ایکزیکٹیو افسر شری امرناتھ جی شرائن ن کوتوال نے کی۔ اس موقعے پر امنگ نرولہ نے غ_بورڈ اُمنگ نرولہ اور صوبائی کمشنر جموں پو جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ 40دن کی یہ یاترا 29جون 2017سے شروع ہوگی جبکہ 7اگست کو رکھشا بندھن کے دن اختتام پزیر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ یاترا کے سلسلے میں یاتریوں کی رجسٹریشن یکم مارچ پنجاب نیشنل بینک، جموں وکشمیر بینک اور یَس بینک کی4سو36شاخوں پر شروع ہوئی ہے۔ صوبائی کمشنر جموں نے اس موقعے پر بتایا کہ اس سال کی یاترا کو احسن طریقے سے منعقد کرانے کیلئے بہتر انتظامات کئے جارہے ہیں۔

## Electricity shutdown

ای ایم اینڈ آر ای سرکل دوم سرینگر کے سپر انٹنڈنگ انجینئر نے کہا کہ جن علاقوں کو راجباغ رسیونگ سٹیشن سے بجلی سپلائی ہوتی ہے ،اُن علاقوں میں 29اپریل اور یکم مئی کو صبح ساڑھے دس بجے سے سہ پہر ساڑھے چار بجے تک بجلی کی سپلائی متاثررہے گی۔ اُنہوننے کہا کہ بجلی کی سپلائی آر اے پی ڈی آر پی۔ **پر جاری کاموں کو عملانے کے نتیجے میں متاثر رہے گی۔**

## Free Medical Camp

**پرنسپل اینڈ ڈین گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر کے مطابق شعبہ بائیو کمسٹری جی ایم سی سرینگر میں آج ایس ایم ایچ ایس ہسپتال کے ایف بلاک میں 10.30بجے ذیابطیس کے لئے مفت جانچ ہوگی۔جس کا اہتمام میڈیکل لیبارٹری پروفیشنلز ویک کے تحت کیاجارہا ہے۔**

## Temperature

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت

نو اعشاریہ تین ڈگری سیلشیس

جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت

بائیس اعشاریہ آٹھ ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔